# Model Paper

پرچہ اُردو (اے)　　　　وقت ۲ ۱/۲ گھنٹہ　　　　نمبرات: ۷۵

**(1) تفصیلی جواب طلب سوالات۔ ہر سوال کے پانچ نمبرات ہیں۔ (5x5=25)**

سوال نمبر ۱: درج ذیل دو اقتباسات میں سے کسی ایک کی سیاق وسباق اور مصنف کے حوالے کے ساتھ تشریح کیجئے۔

(ا) نوفل نے اُس لکڑہارے بوڑھے کو پاس بلا کر پوچھا کہ ''سچ کہہ۔ اصل کیا ہے؟ حاتم کو کون پکڑ لایا؟ اس بیچارے نے سر سے پاؤں تک جو گذرا تھا، راست کہہ سنایا۔

(ب) مگر افسوس ہے آپ نے میری طبیعت اور میری عادت کو نہ پہچانا۔ یہ اختلافِ حالت جو آپ دیکھتے ہیں۔ اُس کی ایک وجہ ہے بندے کو جمعدار صاحب مرحوم ومغفور نے متبنیٰ کیا تھا اور اپنا جانشین کر مرے تھے۔ شہر کے کل رؤساء اس سے واقف وآگاہ ہیں۔

سوال نمبر ۲: درج ذیل اقتباسات میں سے ایک اقتباس کی بحوالہ سبق ومصنف تشریح کیجئے۔

(۱) پھر وہ اپنی جوانی کا زمانہ یاد کرتا تھا، اپنا سرخ وسفید چہرہ، سڈول ڈیل، بھرا بھرا بدن، رسیلی آنکھیں، موتی کی لڑی سے دانت، امنگ میں بھرا ہوا دل، جذبات انسانی کے جوشوں کی خوشی اسے یاد آتی تھی۔

(۲) ایک اور حکیم اس لطیفہ کو اور بھی بالاتر لے گیا ہے اور وہ کہتا ہے کہ اگر ہم اپنی اپنی مصیبتوں کو آپس میں بدل سکتے تو پھر ہر شخص اپنی پہلی ہی مصیبت کو اچھا سمجھتا۔

سوال نمبر ۳: مصنف ومضمون کے حوالہ کے ساتھ تشریح کیجئے۔

وہ اپنے دوستوں کے ساتھ جو گردشِ روزگار سے بگڑ گئے تھے۔ نہایت شریفانہ طور سے سلوک کرتے تھے۔ دلی کے عمائد میں سے ایک صاحب جو مرزا کے دلی دوست تھے اور غدر کے بعد اُن کی حالت سقیم ہوگئی تھی ایک چھینٹ کا فرغل پہنے ہوئے مرزا سے ملنے آئے۔

**یا**

بعض لوگوں نے بچپن میں کسی اچھی نظم سے لطف اندوز ہو کر آئندہ کی موسیقی کا پہلا سبق سیکھا۔ ایسے

بچوں کے لیے اس نظم نے ان میں چھان بین کا شوق پیدا کیا ہوگا۔

سوال نمبر۴: سر سید احمد خان یا حالؔی کے حالاتِ زندگی قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر۵: اپنی مصیبت کے بنیادی پیغام کو اپنے لفظوں میں بیان کیجئے۔

**یا**

کلیم کے کردار پر نوٹ لکھئے (مرزا ظاہر دار بیگ)

## II مختصر جواب طلب سوالات۔ ہر سوال کا جواب ۳۰ سے ۴۰ لفظوں تک ہونا چاہیے اور ہر سوال کے تین نمبرات ہیں۔ (3x8=24)

۱) حاتم کیسا آدمی تھا؟ (حاتم کی سخاوت)

۲) وہم کے رنگ و روپ کو بیان کیجئے۔ (اپنی مصیبت)

۳) غالبؔ کے اخلاق کیسے تھے؟ (مرزا غالبؔ)

۴) علی گڑھ تحریک کے مختلف پہلو کیا تھے؟

۵) فورٹ ولیم کالج کے قیام کا کیا مقصد تھا اور اس کا قیام کب عمل میں آیا؟

۶) داستان کسے کہتے ہیں؟

۷) مولوی نذیر احمد یا میر امنؔ کی طرز تحریر پر چند جملے لکھئے۔

۸) انیسویں صدی کے اواخر میں اُردو ناول کے ارتقاء کے بارے میں لکھئے۔

## III بہت ہی مختصر جواب طلب سوالات۔ ہر سوال کا جواب ۱۵ سے ۲۰ الفاظ کا ہونا چاہیے اور ہر سوال کے دو نمبرات ہیں (10x2=20)

۱) مولوی نذیر احمد کی تصنیفات کے نام لکھئے۔

۲) محاکات کی تعریف شبلی نے کیا کی ہے؟

۳) ناول کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟

۴) میر امنؔ کی آخری عمر کہاں اور کیسے گزری؟

سوال نمبر۴: میر تقی میر یا اقبال کے حالات زندگی قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر۵: درج ذیل اشعار میں سے دو اشعار کی بحوالہ شاعر تشریح کیجئے۔

صبح عشرت ہے وہ نہ شامِ وصال ہائے کیا ، ہوگیا زمانے کو  
کعبہ اگرچہ ٹوٹا کیا جائے غم ہے شیخ کچھ قصرِ دل نہیں کہ بنایا نہ جائے گا  
آبلے کی سی طرح ٹھیس لگی پھوٹ بہے دردمندی میں گئی ساری جوانی اس کی  
آلام روزگار کو آسان بنادیا جو غم ہوا، اسے غمِ جاناں بنادیا

## II مختصر جواب طلب سوالات۔ ہر سوال کا جواب ۳۰ سے ۴۰ لفظوں کا ہونا چاہیے۔ ہر سوال کے تین نمبرات ہیں۔

۱) اصغر گونڈوی کے کلام کی خصوصیات قلمبند کیجئے۔  
۲) میر تقی میر کی طرز تحریر کے بارے میں چند جملے لکھئے۔  
۳) حسن تعلیل کسے کہتے ہیں؟  
۴) غزل کی تعریف کیجئے۔  
۵) مرثیہ کے ارتقاء پر مختصر نوٹ لکھئے۔  
۶) مطلع اور مقطع میں کیا فرق ہے؟  
۷) مرثیہ کے اجزائے ترکیبی لکھئے۔  
۸) دنیا کی محفلوں سے اُکتا گیا ہوں یارب کیا لطف انجمن کا جب دل ہی بجھ گیا ہو  
نظم و شاعر کے حوالہ کے ساتھ تشریح کیجئے۔

## III بہت ہی مختصر جواب طلب سوالات۔ ہر سوال کا جواب ۱۵ سے ۲۰ لفظوں کا ہونا چاہیے۔ ہر سوال کے دو نمبرات ہیں۔

(۱) زبان کو تو یارا نہیں ذکر غم کا کچھ آنکھیں ہی کہہ جائیں خونبار ہو کر  
اس شعر کی بحوالہ شاعر تشریح کیجئے۔  
۲) میر حسن کی مثنوی کے شامل نصاب حصہ میں کن پھولوں کا ذکر ہوا ہے؟

۳) نظم ''وطن'' کا پیغام کیا ہے؟
۴) غالب کے قصیدے کی زبان کیسی ہے؟
۵) قصیدے کی مختلف قسموں کے نام لکھئے۔
۶) حسن اور مزدوری میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟
۷) اُردو کے آٹھ غزل گوشعراء کے نام لکھئے۔
۸) داغ کے شعری مجموعوں کے نام لکھئے۔
۹) انیس نے مرثیوں میں کیسی زبان استعمال کی ہے؟
۱۰) مرثیہ کی تعریف کیجئے۔

## IV معروضی سوالات۔ ہر سوال کا ایک ایک نمبر ہے۔ صحیح جواب چن لیجئے۔

۱) غزل کے لغوی معنی ہیں۔
(۱) تصوف کی باتیں کرنا (۲) جنگ کی باتیں کرنا (۳) عورتوں کی باتیں کرنا

۲) اردو کا ''پہلوانِ سخن'' کس کو کہتے ہیں؟
(۱) غالبؔ (۲) سوداؔ (۳) دردؔ

۳) ''سحر البیان'' کے مصنف کون ہیں؟
(۱) دیا شنکر کول نسیم (۲) مرزا شوق لکھنوی (۳) میر حسن

۴) جوشؔ کا پورا نام کیا ہے؟
(۱) غلام حسن خان (۲) شبیر حسن خان (۳) خان حسن شبیر

۵) وہ معنوی صنعت جس میں کسی چیز کے حقیقی معنی سے مجازی معنی مراد لے کر اس سے کسی دوسری چیز کے بدلے میں استعمال کیا جائے ............ کہلاتی ہے۔
(۱) حسن تعلیل (۲) استعارہ (۳) مجاز مرسل

۶) جوش کا پورا نام کیا ہے؟
(۱) غلام حسن خان (۲) شبیر حسن خان (۳) خان حسن شبیر

۵) غالب کے خطوط کے مجموعوں کے نام لکھیے۔

۶) علی گڑھ تحریک سے وابستہ چار ادیبوں کے نام لکھیے۔

۷) سرشار کے ناولوں کے نام لکھیے۔

۸) شبلی کے نزدیک شاعری کے لیے سب سے زیادہ ضروری چیزیں کیا ہیں؟

۹) درج ذیل محاورات میں سے دو کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

پاش پاش کرنا۔ وارے نیارے ہونا۔ دل لگی ہونا۔ کمر باندھنا

۱۰) درج ذیل لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

منادی۔ جمعدار۔ مروت۔ جامع

**IV معروضی سوالات (Objective Type) صحیح جواب پر نشان لگائیے۔ (1x6=6)**

۱) فورٹ ولیم کالج کے پہلے پرنسپل کا نام تھا۔

(۱) جان گلکراسٹ (۲) رابرٹ براون (۳) لارڈ ویلزلی

۲) ''چہار درویش'' کا پہلا ترجمہ ہے۔

(۱) باغ و بہار (۲) نوطرز مرصع (۳) حاتم کی سخاوت

۳) آپ کی اُردو کتاب کا نام کیا ہے۔

(۱) ادبی نصاب (۲) قدیم ادبی نصاب (۳) جدید ادبی نصاب

۴) حالی کس کے شاگرد تھے۔

(۱) غالب (۲) بہادر شاہ ظفر (۳) مولوی نذیر

۵) توبۃ النصوح کے مصنف کا نام ہے۔

(۱) نظیر اکبرآبادی (۲) مفتی نذیر احمد (۳) مولوی نذیر احمد

۶) محاکات کو شاعری کے لیے کس نے ضروری قرار دیا۔

(۱) حالی (۲) شبلی (۳) کلیم الدین احمد

# Model Paper

پرچہ اُردو (بی) وقت ۲ ۱/۲ گھنٹہ نمبرات: ۷۵

**(1) تفصیلی جواب طلب سوالات ۔ ہر سوال کے پانچ نمبرات ہیں ۔**

سوال نمبر۱: درج ذیل اشعار میں سے دو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجئے ۔

جنوں نے تماشا بنایا ہمیں رہا دیکھ اپنا پرایا ہمیں
ترا غرور میرا عجز تاکجا ظالم ہر ایک بات کی آخر کچھ انتہا بھی ہے
یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا
ہم سمجھتے ہیں آزمانے کو عذر چاہیے کچھ ستانے کو

سوال نمبر۲: درج ذیل شعری بندوں میں سے ایک کی بحوالہ شاعر و نظم تشریح کیجئے ۔

سینہ سے جب کہ ہوگئی برچھی ستم کی پار گھوڑے پر ڈگمگانے لگا حُر نامدار
رکھ کر جگر پر ہاتھ پکارا وہ دل فگار اے فاطمہ کے لال یہ خادم ہوا نثار
اب شفقتِ امامِ حجازی کا وقت ہے
آقا یہی غلام نوازی کا وقت ہے

یا

یونہی ہمیشہ اُلجھتی رہی ہے ظلم سے خلق
نہ اُن کی رسم نئی ہے، نہ اپنی ریت نئی
یونہی ہمیشہ کھلائے ہیں ہم نے آگ میں پھول
نہ اُن کی ہار نئی ہے، نہ اپنی جیت نئی
اسی سبب سے فلک کا گلہ نہیں کرتے
ترے فراق میں ہم دل برا نہیں کرتے

سوال نمبر(۳) اقبال کی نظم ''ایک آرزو'' یا فیض کی نظم ''وطن'' کا خلاصہ لکھیے ۔